© rasailojaraid.com

از :- امام ولی اللہ دھلوی رح

معاشرتی فساد کی ایک وجہ

معاشرہ میں فساد کی ایک وجہ یہ ہوتی ہے کہ شہریوں کے اندر خفیہ تخریبی کاروائیاں اور پوشیدہ اسبابِ فساد مصروفِ عمل ہوں مثلاً ساحروں کی جادوگری کا فتنہ ہو، دوسروں کو زہر کھلانے والوں کی مذموم کوششیں جاری ہوں۔ عیاری اور فریب جیسے غیر اخلاقی طریقوں سے لوگوں کے حقوق پہ ڈاکہ ڈالنے والوں کی فریب کاریاں جاری ہوں انکے اندر ایسے غیر ذمہ دار اور شریعت کو مذاق بنانے والے جج، قاضی اور مفتی موجود ہوں جو شرعی احکام سے بچنے کے حیلے بہانے اور آپس میں لڑنے کے طریقے بناتے ہوں، مملکت کے اندر دشمنانِ ملک کے جاسوس اپنی مذموم حرکتوں میں مصروف ہوں تو اس قسم کے تخریبی عناصر کو تعزیراتی قوانین کے تحت قید و بند یا قتل اور پھانسی کی سزا دی جائے تاکہ شہران کے فساد سے محفوظ رہے

(البدور البازغہ مترجم صفحہ نمبر ۱۸۲)

از :- امام انقلاب مولانا عبید اللہ سندھی رح

اہل علم کا سب سے اہم فریضہ

ایک زمانے میں مسلمانوں کی اپنی حکومت تھی ان کی سلطنت کا دبدبہ تھا، ان کے بازوؤں میں قوت اور ان کے اخلاق میں پختگی تھی ان کی قومی جمعیت بنی ہوئی تھی اور ان کا قانون حاکم اور نافذ تھا اس لیے اسرارِ دین کو سمجھنے اور ہر خاص و عام کو ان حکمتوں سے واقف کرانے کی علماء نے اس وقت زیادہ ضرورت محسوس نہ کی لیکن آج نقشہ ہی دوسرا ہے نہ حکومت باقی رہی نہ سلطنت و دبدبہ ہے جمعیت کبھی کی مفقود ہو گئی، قانون کا عمل دخل نہیں رہا اجتماعی اور انفرادی زندگی میں انتشار آخری حد تک پہنچ چکا ہے اور تو اور اب تو خود ہمارا دین اغیار کے نرغے میں ہے اور اس پہ ہر طرف سے حملے ہو رہے ہیں اور ڈر ہے کہ جس طرح ہماری قومی جمعیت توڑ دی گئی ہے اسی طرح خدا نہ کرے کہیں ہمارے دین کو گزند آجائے چنانچہ آج اس زمانے میں اہل علم کا سب سے اہم فریضہ یہ ہے کہ وہ دین اسلام کی حکمتوں کو سمجھیں اور غیر نور ہے ایک طرف خود اپنوں کو ان کے دین کی یہ حکمتیں سمجھائیں کیونکہ اب تو نوبت اس کی آرہی ہے کہ کہیں خود مسلمان ہی اسلام سے خدانخواستہ برگشتہ نہ ہو جائیں۔

(مقدمہ خطبات و مقالات ص۳۲)

© rasailojaraid.com